
# آپ کے NHS ڈینٹسٹ آپ کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟


NHS آپ کے منہ، دانت اور مسوڑھوں کو صحت مند اور درد سے پاک رکھنے کے لیے لازمی معالجہ فراہم کرتی ہے۔ کوئی بھی معالجہ جو طبی طور پر ضروری ہو، دستیاب ہونا چاہیئے۔ یہاں کچھ مشورے اور معالجوں کی تفصیلات اور لاگتیں دی گئی ہیں، جو آپ کو اعتماد کے ساتھ مسکرانے کی معلومات دیتے ہیں۔

**ڈینٹسٹ تلاش کرنا**

**www.nhs.uk/dentists**




## COVID-19 عالمگیر وبا کے دوران اپنے ڈینٹسٹ سے ملاقات کرنا



- براہِ کرم صرف تبھی اپنے ڈینٹسٹ کے پاس جائیں جب آپ کا اپائنٹمینٹ ہو اور اپائنٹمینٹ صرف تبھی بُک کریں جب ایسا کرنا لازمی ہو – دانتوں کے ڈاکٹر فی الحال خطرے سے دوچار لوگوں یا سب سے زیادہ فوری ضرورت والے لوگوں کو ترجیح دے رہے ہیں۔
- بعض معمول کے معالجے، جیسے دانتوں کے معائنے، بعد کی کسی تاریخ کے لیے دوبارہ شیڈول کئے جانے چاہیئں۔
- آپ کے ڈاکٹر کا دفتر معمول سے مختلف دکھائی دے سکتا ہے کیونکہ وہ COVID-19 کے سماجی دوری اور حفظان صحت کے اصولوں کی تعمیل میں کام کر رہے ہوں گے تاکہ ہر کسی کی حفاظت یقینی ہو جائے۔

## آپ کی پہلی معمول کی ملاقات



- دانتوں کے ڈاکٹر کا دفتر آپ کی طبی اور دانتوں کی سرگزشت نوٹ کرے گا (اگر دستیاب ہو) اور معائنہ کرے گا؛ جس میں آپ کے منہ، دانتوں اور مسوڑھوں کی جانچ کی جائے گی۔
- آپ کے معائنے کے بعد، اگر آپ کا ڈینٹسٹ دانتوں کا معالجہ تجویز کرتا ہے، تو آپ کو ایک پلان دیا جائے گا۔ اس میں آپ کے تمام جاری معالجات اور ان کی لاگت کیا ہوگی، اس کا خاکہ پیش کیا جائے گا۔ اگر آپ کو معالجے کا پلان نہیں دیا گیا ہو، تو وہ طلب کریں۔
- آپ کا ڈینٹسٹ آپ کی آئندہ ملاقات کے لیے ایک تاریخ تجویز کرے گا۔ اچھی دہانی صحت والے لوگوں کو ہر 12 تا 24 مہینوں میں ایک بار دکھانے کی ضرورت ہو گی، لیکن زیادہ مسائل والے لوگوں کو زیادہ کثرت سے دکھانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## دانتوں کی ایمرجنسی نگہداشت


اگر آپ کو درد ہو رہا ہو یا اگر آپ کو معاونت، مدد یا مشورے کی ضرورت ہو، تو براہِ کرم اپنے دانتوں کے ڈاکٹر کے دفتر کو معمول کے مطابق فون کریں۔ اگر آپ کا کوئی معمول کا ڈینٹسٹ نہیں ہو اور آپ کو فوری ضرورت ہو تو آپ اپنی مقامی ڈینٹل ہیلپ لائن کو کال کر سکتے ہیں:

لنکاشائر:
**01012340300**

ساؤتھ کمبریا:
**82271601539**

گریٹر مانچیسٹر:
**38003320333**

چیشائر اور میرسی سائیڈ:
**96514760161**



## ادائیگی

آپ اپنی نگہداشت کے اخراجات کے لیے اپنے حصے کی ادائیگی کرتے ہیں اور معالجات کے لیے جو چارج کیا جاتا ہے اس پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ کس بینڈ میں آتے ہیں۔ تمام NHS معالجات کی 12 مہینوں کی گارنٹی دی جاتی ہے۔

| بینڈ 1<br>(بشمول ایمرجنسی علاج)<br>£ 23.80 | بینڈ 2<br>£ 65.20 | بینڈ 3<br>£ 282.80 |
| --- | --- | --- |

*21/2020 کے لیے درست قیمتیں*

بلامعاوضہ

## آپ کو کوئی ادائیگی NHS ڈینٹل معالجوں کے لیے نہیں کرنی ہے اگر آپ:

- 18 سال سے کم عمر ہیں، یا 19 سال سے کم عمر ہیں اور کل وقتی تعلیم حاصل کرتے ہیں
- حاملہ ہیں یا گزشتہ 12 مہینوں میں آپ کو کوئی بچہ ہوا ہو
- NHS اسپتال میں علاج کروا رہے ہیں اور آپ کا علاج اسپتال کے ڈینٹسٹ کے ذریعے کیا جا رہا ہے (لیکن آپ کو کسی ڈینچرز یا برجیز کے لیے ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے)
- کم آمدنی کے فوائد وصول کر رہے ہیں، یا آپ کی عمر 20 سال سے کم ہے اور کسی ایسے فرد پر انحصار کرتے ہیں جسے کم آمدنی کے فوائد موصول ہو رہے ہیں۔

## معالجات



- **بینڈ 1**
  (ایمرجنسی علاج) ہنگامی نگہداشت کا احاطہ کرتا ہے، جیسے درد سے راحت اور عارضی فلنگز۔
- **بینڈ 1**
  جانچ، تشخیص، اگر طبی طور پر ضروری ہو تو اسکیلنگ اور پالش، انسدادی نگہداشت (جیسے فلورائیڈ وارنش) اور مستقبل میں مسائل سے بچنے کے مشوروں کا احاطہ کرتا ہے۔
- **بینڈ 2**
  بینڈ 1 میں فہرست کردہ تمام کا احاطہ کرتا ہے، اس کے علاوہ کسی مزید علاج جیسے فلنگز، روٹ کینال کا کام اور دانت نکلوانے کا بھی احاطہ کرتا ہے۔
- **بینڈ 3**
  بینڈ 1 اور 2 میں فہرست کردہ تمام کا احاطہ کرتا ہے، اس کے علاوہ کراؤنز، ڈینچرز، برجیز اور دیگر لیباریٹری کے کاموں کا بھی احاطہ کرتا ہے۔

## مزید جانیں...

NHS کی ویب سائٹ پر ڈینٹل خدمات کے بارے میں مزید معلومات موجود ہیں
**www.nhs.uk/using-the-nhs/nhs-services/dentists**